SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبرVIII مجریہ ۱۹۹۰

SINDH ORDINANCE NO.VIII OF 1990

سندھ ملازمین اسپیشل الاؤنس (ادائگی) (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۰

THE SINDH EMPLOYEES SPECIAL ALLOWANCE (PAYMENT) (AMENDMENT) ORDINANCE, 1990

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔۱۹۸۶ کے سندھ ایکٹX میں ترمیم

Amendment in Sindh Act X of 1986

۳۔۱۹۸۶ کے سندھ ایکٹX میں دفعہ 3-A کی شمولیت

Insertion of Section 3_A of Sindh Act X of 1986

سندھ آرڈیننس نمبرVIII مجریہ ۱۹۹۰

SINDH ORDINANCE NO.VIII OF 1990

سندھ ملازمین اسپیشل الاؤنس (ادائگی) (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۰

THE SINDH EMPLOYEES SPECIAL ALLOWANCE (PAYMENT) (AMENDMENT) ORDINANCE, 1990

[۳۱ دسمبر ۱۹۹۰]

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ ملازمین اسپیشل الاؤنس (ادائگی) ایکٹ، ۱۹۸۶ میں مزید ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ ملازمین اسپیشل الاؤنس (ادائگی) ایکٹ، ۱۹۸۶ میں مزید ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہو گی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام اٹھانا ضروری ہو گیا ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے؛

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔(۱) اس آرڈیننس کو سندھ ملازمین اسپیشل الاؤنس (ادائگی) (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۰ کہا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ ہو گا اور پہلی دسمبر ۱۹۹۰ پر اور اس کے بعد نافذ سمجھا جائے گا۔

۱۹۸۶ کے سندھ ایکٹ X میں ترمیم
Amendment in

۲۔ سندھ ملازمین اسپیشل الاؤنس (ادائگی) ایکٹ، ۱۹۸۶ میں، جس کو اس کے بعد مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، الفاظ "اسپیشل الاؤنس" جہاں بھی آئیں الفاظ "اور ایڈیشنل اسپیشل الاؤنس" شامل کیئے جائیں گے۔

Sindh Act X of 1986

۱۹۸۶ کے سندھ ایکٹ X میں دفعہ 3-A کی شمولیت

Insertion of Section 3_A of Sindh Act X of 1986

۳۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۳ کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعہ 3-A شامل کی جائے گی:

"3-A۔ ہر ملازم جس کی ویجز دو ہزار پانچ سو اور پچاسی روپیہ ماہانہ سے زائد نہ ہو اس کی ملازمت کی مد میں پہلی دسمبر، ۱۹۹۰ پر یا اس کے بعد، اس کو اس کے ایمپلائر کی طرف سے ایڈیشنل اسپیشل الاؤنس ادا کیا جائے گا:

(a) دو سو روپیہ ماہانا کے برابر، اگر اس کی ویجز دو ہزار پانچ سو اور پچاسی روپیہ ماہانا سے زائد نہ ہو؛ یا

(b) ایسی قیمت پر، اس کی ویجز کے ساتھ، دو ہزار سات سو اور پچاسی روپیہ ماہانا کا ٹوٹل ہو، اگر اس کی ویجز دو ہزار پانچ سو اور پچاسی روپیہ ماہانا سے زائد ہے تو پھر:

بشرطیکہ یہ کہ ایڈیشنل اسپیشل الاؤنس ادائگی لائق رقم کے برعکس دیا جائے گا:

(a) ریلیف کے طور پر کسی معاہدہ میں رہتے ہوئے رقم کے بڑھنے پر یا سیٹلمنٹ پہچا ہو، یا انڈسٹریل ریلیشنز آرڈیننس، ۱۹۶۹ کے تحت کوئی ایوارڈ دیا گیا ہو، پہلی دسمبر، ۱۹۹۰ پر یا اس کے بعد؛ اور

(b) معاہدہ یا پہچے ہوئے سیٹلمنٹ کے تحت اور پہلی دسمبر، ۱۹۹۰ پر نافذ، جس کے تحت ملازمین کو سٹ آف لونگ میں اضافہ کی بنیاد پر ریگیولر انٹرولز میں اضافہ حاصل کریں"۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔